رول نمبر:.....................

انٹرمیڈیٹ پارٹ سیکنڈ

# اُردو (لازمی) (انشائی) گروپ پہلا

وقت: 02:40 گھنٹے کل نمبر: 80

## ( حصّہ اوّل )

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,01,08

عمر بھر صحرا نوردی کی ، مگر شادی نہ کی — قیس دیوانہ بھی تھا ، کتنا سمجھ دار آدمی
دانش و حکمت کی ساری روشنی کے باوجود — کم ہی ملتا ہے زمانے میں کم آزار آدمی

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ شاعر کا نام بھی لکھیے: 01,09

دل میں اِک لہر سی اُٹھی ہے ابھی — کوئی تازہ ہوا چلی ہے ابھی
شور برپا ہے خانۂ دل میں — کوئی دیوار سی گری ہے ابھی
بھری دنیا میں جی نہیں لگتا — جانے کس چیز کی کمی ہے ابھی

## ( حصّہ دوئم )

3۔ درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے کیجیے۔ مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے: 01,01,03,10

(الف) اپنے رہنماؤں کی پکار سن کر مسلمان قوم ترقی کی راہ پر کچھ چلنے تو لگی لیکن جابجا ٹھوکریں کھاتے ہوئے۔ معاشی حیثیت سے وہ اپنے ہمسایوں سے کہیں پیچھے رہی۔ تعلیمی حیثیت سے وہ ضرور کچھ بڑھی لیکن پھر بھی پس ماندہ رہی البتہ اپنی قومی زبان وادب کو اس نے باوجود اپنے انحطاط کے خوب چمکایا۔ اُردو علم وادب اور صحافت کو ترقی ہوئی اور ملک میں جابجا اُردو کی علمی وادبی انجمنیں پھیل گئیں۔

(ب) ڈھلتے سورج میں بحرا لکاہل کروٹیں بدل رہا تھا اور چاروں طرف زمرّد کی آمریت مستحکم ہو چکی تھی۔ اس کے ننھے مُنے رقبے میں فطرت کا ہر رنگ ہر انگ پایا جاتا ہے۔ سمندر یہاں عمیق تر ہوتا چلا گیا ہے۔ یہ جنوبی یورپ کے آبی کناروں سے زیادہ نیلا اور چمکیلا ہے۔ دوپہر کے وقت اس نیلم کی بھڑک آنکھیں خیرہ کر دیتی ہے۔ میں نے وجدانی حُسن میں اس طرح ڈوبے ہوئے ساحل بہت کم دیکھے ہیں۔

4۔ کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے۔ مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے: (i) محنت پسند خردمند (ii) قرطبہ کا قاضی 01,09

5۔ مولانا الطاف حسین حالی کی نظم "اسلامی مساوات" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے: (i) حقوق والدین (ii) ماحولیاتی آلودگی (iii) محنت کی عظمت 20

7۔ ایک پرانی کرسی کی آپ بیتی تحریر کیجیے۔ 10